رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: خاصہ سال اول | پرچہ: چوتھا | مضمون: علوم الفقہ

تاریخ: 15-02-2024 | دن: جمعرات | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: خاص کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 2: خاص کے مقابلے میں خبر واحد و قیاس کو کب چھوڑا جائے؟

سوال نمبر 3: چوری شدہ چیز کے ہلاک ہونے اور چور کا ہاتھ کاٹنے کے بعد چور سے تاوان کیوں نہیں لیا جائے گا؟

سوال نمبر 4: کتاب اللہ کے مطلق کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: "وارکعوامع الراکعین" میں مطلق کیا چیز ہے اور اس مطلق پر کون سی چیز کی زیادتی منع ہے؟

سوال نمبر 6: مشترک کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: حکم شرع سے مؤول کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: صریح کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: محل کلام کی دلالت کی بناء پر لفظ کے حقیقی معنی کو چھوڑنے کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: امر کی شرعی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: امر بالفعل تکرار کا تقاضہ نہیں کرتا اس کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: لفظ میں جب حقیقی اور مجازی معنی مراد لیا جاسکتا ہو تو کون سا معنی مراد لینا اولی ہے؟

سوال نمبر 13: "حرمت علیکم المیتۃ" کیا اس آیت سے یہ دلیل لی جاسکتی ہے کہ پانی میں مکھی مر جائے تو پانی نجس ہو جائے گا؟

سوال نمبر 14: واو عاطفہ کا اصول فقہ کی روشنی میں حقیقی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: واو حالیہ کی مثال احکام شرع سے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: فاء تعقیب مع الوصل کہاں اور کیوں استعمال ہوتا ہے؟

سوال نمبر 17: وضو میں کہنیاں، ہاتھ دھونے کے حکم میں کیوں شامل ہیں؟

سوال نمبر 18: بیان تقریر کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 19: عدم القائل بالفصل کی کون سی قسم حجت نہیں ہے؟

سوال نمبر 20: خبر مشہور کی تعریف تحریر کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: ثلاثۃ قروء میں قروء سے حیض یا طہر مراد لینے کی صورت میں جن مسائل میں اختلاف پیدا ہوتا ہے ان میں سے چار تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: انہ علیہ السلام سئل عن متروک التسمیۃ عامدا فقال: "کلوہ فان تسمیۃ اللہ تعالی فی قلب کل امری ءمسلم"

اس روایت پر احناف کا عمل ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو کیوں؟ اور مذکورہ روایت کا جواب کیا ہے؟

سوال نمبر 3: افعال حسیہ سے نہی کی 3 اور تصرفات شرعیہ کی 2 مثالیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: ثُمَّ کے حقیقی معنی میں امام اعظم و صاحبین کا اختلاف اور مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: "خبر الواحد حجۃ فی اربعۃ مواضع" اس عبارت میں "اربعۃ مواضع" سے کون کون سے چار مقام مراد ہیں؟